© rasailojaraid.com



کتاب کے ابتدا میں جنگِ بدر کی تفصیلات بیان کی گئی ہیں۔ پھر شہدائے بدر کے اسمائے گرامی اور ان کا تذکرہ ہے۔ اس کے بعد ان ۳۱۳ حضرات کے حالات ہیں جو اس جنگ میں شریک ہوئے اس ضمن میں سب سے پہلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مختصر حالات درج کیے گئے ہیں۔ پھر خلفائے اربعہ (حضرت ابو بکر صدیق رض، حضرت عمر رض، حضرت عثمان ذی النورین رض، اور حضرت علی رضوان اللہ علیہم) کے واقعات بیان ہوئے ہیں۔ اس کے بعد دیگر شرکائے بدر کے حالات تحریر کیے گئے ہیں۔ (ناشر نے کتاب محنت سے شائع کی ہے لیکن آئندہ اشاعت میں اس دور کی مناسبت سے چند چیزوں کا خیال رکھنا چاہیے: (۱) مصنف مرحوم کے مختصر حالات لکھے جائیں (۲) فہرست مضامین دی جائے (۳) اشاریہ اسما بترتیب حروف تہجی لکھا جائے (۴) صحابہ اور دیگر اسما پر جن کا پڑھنا مشکل ہو، اعراب لگائے جائیں (۵) متن کتاب میں جن واقعات کے کتاب میں حوالے نہیں دیے گئے، حواشی میں ان کے حوالے دیے جائیں (۶) اگر شرکائے بدر کے سلسلے کے مزید واقعات مل سکیں تو حواشی میں مع حوالہ کے ان کا اضافہ کیا جائے

بہر حال کتاب بہت عمدہ ہے قارئین کو اس سے استفادہ کرنا چاہیے۔ بڑا سائز، صفحات ۱۴۴ کتابت و طباعت بڑی اچھی ــــ قیمت پانچ روپے (م-ا)۔

**تقویت الایمان** حضرت شاہ اسمٰعیل شہید رح کی مشہور کتاب 'تقویت الایمان' کا انگریزی ترجمہ "Support of the Faith" کے نام سے کیا گیا ہے۔ یہ انگریزی ترجمہ پہلی بار گزشتہ صدی کے اواخر میں چھپا تھا۔ اس کے مترجم میر حشمت علی صاحب ہیں۔ اب محمد اشرف ڈار صاحب نے اس کی نظر ثانی کی ہے اور شیخ محمد اشرف کشمیری بازار لاہور کی طرف سے اسے شائع کیا گیا ہے۔ اصل کتاب 'تقویت الایمان' ۱۲۴۲ھ (۱۸۲۶-۱۸۲۷ء) میں پہلی بار شائع ہوئی تھی اور اس کی دعوت توحید خالص نے مسلمانوں میں ایک تہلکہ ڈال دیا تھا۔ اس واقعہ پر ڈیڑھ سو سال گزر گئے ہیں لیکن اب بھی مسلمانوں کے دو بڑے گروہوں میں یہ کتاب موضوع بحث ہے۔ اور اس کے بارے میں بحثیں ہوتی ہیں۔

بڑا اچھا ہوا کہ اس کا انگریزی ترجمہ دوبارہ شائع کیا گیا ہے۔ شروع میں مقدمہ تو ہے اور کافی مفصل ہے لیکن انگریزی داں طبقوں کو اس کتاب کی غیر معمولی اہمیت سمجھانے کے لیے اس سلسلے میں کچھ تاریخی پس منظر بھی دینا چاہیے تھا۔ کتاب بڑے اہتمام سے چھاپی گئی ہے۔ صفحات ۸۸، قیمت تین روپے پچاس پیسے۔ (س)

© rasailojaraid.com